Dr
Muhammad Adnan Aziz
Specialist
Jamia Darululoom Karachi
Ph.D. In Islamic Finance

متخصص جامعہ دارالعلوم کراچی
پی ایچ ڈی ان اسلامک فائنانس

ڈاکٹر
محمد عدنان عزیز

Date: 4-Mar-24

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شریعہ آڈٹ رپورٹ

بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس، کراچی

زیر انتظام بیت السکون ٹرسٹ

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ! امابعد

ادارہ کا تعارف:

کراچی میں واقع بیت السکون ٹرسٹ کے زیر انتظام بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس ۱۹۹۹ء میں قائم کیا گیا جو کینسر کے علاج کی جدید سہولیات سے آراستہ ہے اور بلا امتیاز مریضوں کا مفت معیاری علاج مخیر حضرات کے عطیات، زکوٰۃ وصدقات وغیرہ کی رقوم سے فراہم کررہا ہے۔

شرعی جائزہ کا عمل:

آج مؤرخہ 17 فروری 2024 کے وزٹ اور اس کے زکوٰۃ وصدقات کے انتظام کا شریعہ آڈٹ کرنے کا موقع ملا، شریعہ آڈٹ کے دوران ہسپتال کے شریعہ ایڈوائزر اور دیگر متعلقہ ذمہ داران سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے ہسپتال سے علاج معالجہ اور دیگر متعلقہ خدمات سے استفادہ کیلئے رجوع کرنے والے مستحق مریضوں کیلئے زکوٰۃ، صدقات اور عطیات کی وصولی، اس کے محفوظ کرنے اور شرعی اصولوں کے مطابق خرچ کرنے کے نظام کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

نیز زکوٰۃ وصولی کیلئے مرتب کردہ جائزہ فارم کے اردو، انگریزی ورژن کا نمونہ زکوٰۃ فنڈ سے علاج کرانے والے مریضوں کے مستحق ہونے یا نہ ہونے سے متعلق جانچ پرکھ کے طریقِ کار کا جائزہ، فلٹر کلینک میں مریض سے وکالت نامہ پر دستخط کروانے اور اس سے کی جانے والی تحقیق کا عملی مشاہدہ بھی کیا گیا۔

علاوہ ازیں ہسپتال کے شعبہ مالیات کے ذمہ دار حضرات کے تعاون سے بینک اکاؤنٹس، کھاتوں کی تفصیلات، زکوٰۃ صدقات اور عطیات کی وصولیابی، ان کے مالیاتی انتظام اور استعمال کے شرعی تقاضوں اور دیگر عملی ضروریات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔ اس ضمن میں ہسپتال کے زکوٰۃ نظام کے حوالہ سے گزشتہ سال کی شریعہ آڈٹ رپورٹ اور متعلقہ دستاویزات کا بھی معائنہ کیا گیا، بیت السکون کینسر ہسپتال میں زکوٰۃ وصدقات کی وصولی اور خرچ کیلئے "وکالہ ماڈل" کا نظام اختیار کیا گیا ہے جو ایک معتبر اور قابل اطمینان نظام ہے اور ہمارے ملک کے دیگر بہت سے رفاہی اداروں اور زکوٰۃ کے ذریعہ علاج کرنے والے متعدد ہسپتالوں میں نافذ العمل ہے، اس نظام میں مزید بہتری کی گنجائش ہے جس کیلئے ضروری تجاویز دی گئی ہیں (جو علیحدہ منسلک ہیں)

ہسپتال کو زکوٰۃ وغیرہ دینے کا شرعی حکم:

مذکورہ ہسپتال کا مجموعی نظام اور ضرورت مند مریضوں کیلئے علاج کی بہترین سہولیات کی فراہمی قابل قدر اور لائقِ تحسین ہے، اور اس کے ساتھ زکوٰۃ، صدقات اور عطیات وغیرہ کے ذریعہ تعاون کیا جاسکتا ہے، امید ہے شریعہ آڈٹ میں دی گئی تجاویز کو جلد اپنے نظام کا حصہ بنا کر اس کو زیادہ قابل اعتماد بنانے کا اہتمام کیا جائے گا۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ اس ادارے کو اسی طرح ضرورت مند مریضوں کی خدمت کی مزید توفیق عطا فرمائے اور اس کو مریضوں کی شفاء کا ذریعہ بنائے، اس کے منتظمین، معاونین اور عملہ کی کوششوں کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول نصیب فرمائے۔ آمین

ڈاکٹر مفتی محمد عدنان عزیز

شریعہ آڈیٹر

نوٹ: یہ آڈٹ رپورٹ جولائی 2022 سے جون 2023 کی ہے

Email: Adnanaziz313@gmail.com Cell: 92-321-2157557